دار الافتاء والقضاء
الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name	: **shahadat ali**	Serial No	: **23765**	MODE: **Regular**
Address	: **jhang.pakistan**	Date	: **10/22/2014**	
Subject	: **easypasia mobile acount**	Contact No:		
Writer	: حسین احمد	Email	:	

SALAM
Easypasia mobile accont ma jo pasia mobile ma balnce rka kr free mint and sms company dati ha.aya wo theak ha ya nahi.plz bata dain

السلام علیکم! ایزی پیسہ موبائل اکاونٹ میں جو پیسہ موبائل میں بیلنس رکھ کر فری منٹس اور sms کمپنی دیتی ہے آیا وہ ٹھیک ہے یا نہیں؟ براہِ مہربانی رہنمائی فرمائیں

الجواب حامداً ومصلیاً

واضح ہو کہ ایزی پیسہ میں اکاونٹ کھلوانا فی نفسہ جائز ہے مگر اسمیں رکھے ہوئے پیسوں کی حیثیت قرض کی ہے اور کمپنی کی طرف سے اس رقم پر دیئے جانے والے فری منٹس، sms وغیرہ قرض پر نفع ہونے کی بناء پر سود ہے جو کہ ناجائز اور حرام ہے اس کے لینے سے احتراز لازم ہے۔

فی الدر المختار، وفی الاشباہ کل قرض جر نفعا فھو حرام اھ (۵/ ۱۶۶) - واللہ اعلم بالصواب

کتبہ: حسین احمد عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
۶/ ۷/ ۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۸/ ۷/ ۱۴۳۶ھ

الجواب صحیح
بندہ سید عبد الشکور ترمذی عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
۸/ ۷/ ۱۴۳۶ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء ۲۳۷۶۵ ۱۴۳۶/۷/۱۲

3-5-2015